
efu LIFE | JS BANK



# ای ایف یو محفوظ
# سرمایہ پلان

آج کی بچت، کل کا تحفظ



# ای ایف یو محفوظ سرمایہ پلان

ای ایف یو محفوظ سرمایہ پلان خصوصی طور پر ڈیزائنڈ سنگل پریمیم سرمایہ کاری پلان ہے جس میں حقیقی سرمایہ کاری کے منافع کے ساتھ ساتھ اضافی فائدے حاصل ہوتے ہیں اس بیمہ انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ کے منصوبے کے تحت فنڈ کی سرمایہ کاری ماہرین کی زیرِ نگرانی کی جاتی ہے۔ جو مالی ومعاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے اس امر کو یقینی بنانیکی ممکنہ کوشش کرتے ہیں کہ سرمایہ کو بہتر جگہ پر لگایا جائے

## پروڈکٹ کا اظہار

**اس زندگی کے بیمہ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: انشورنس کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غوروفکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ)

**اگر آپ لکھی ہوئی پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ ای ایف یو لائف کے طبی/کلینیکل معائنہ جات کے سلسلے میں اٹھنے والے اخراجات منہاء کرکے، پریمیم کی مکمل ادائیگی کی واپسی کے اہل ہونگے۔**

## اہم تفصیلات

| | |
|---|---|
| عمر کی اہلیت | کم سے کم عمر 18 سال۔ زیادہ سے زیادہ عمر کی کوئی حد نہیں۔ |
| پلان کی مدت | پوری زندگی |
| کم از کم پریمیم | 50,000 روپے سالانہ |
| اضافی اختیاری پریمیم | کم از کم 50,000 روپے |

## نشوونما کے لئے مواقع:

اس پلان میں ادا کیا جانے والا ہر پریمیئم ای ایف یو لائف کے منتخب کردہ کسی ایک یا دو سرمایہ کاری فنڈز میں لگایا جائے گا۔ یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہوگا کہ اپنے سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر فنڈ کا انتخاب کریں۔

آپ درج ذیل یونٹ فنڈز میں سے انتخاب کرسکتے ہیں:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

| فنڈز | |
|---|---|
| **ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ** | **ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ** * |
| فنڈ کی قسم: منی مارکٹ فنڈ | فنڈ کی قسم: بیلنسڈ |
| رسک پروفائل: کم | رسک پروفائل: درمیانی |
| مستحکم آمدنی فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ جس میں یہ ضمانت دی جاتی ہے کہ فنڈ کی بولی قیمت (بِڈ پرائس) کبھی نیچے نہیں آئے گی۔ اسکا مقصد قلیل المیعاد قرضہ لینے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشوونما ہے۔ | متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے ساتھ سرمایہ کاری فنڈ ہے۔ اسکا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں میں محتاط طریقے سے منتخب کردہ بلوچپ ایکوئیٹیز میں اور مختلف فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور نقد میں سرما کاری کے ذریعے سرمائے میں مناسب فروغ اور مستحکم آمدنی کا حصول ہے۔ |
| **ای ایف یو ا یگریسو فنڈ** | **ای ایف یو انکم گروتھ فنڈ** |
| فنڈ کی قسم: ا یگریسو | فنڈ کی قسم: انکم فنڈ |
| رسک پروفائل: زیادہ | رسک پروفائل: کم |
| زیادہ آمدنی فراہم کرنے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے مقصد سے وضع کیا جانے والی ایک سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ | ایک سرمایہ کاری فنڈ جس کا مقصد سیکیوریٹیز میں سرمایہ کاری کرکے مستحکم بڑھوتری حاصل کرنا ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتے اداروں اور قرضہ دینے والی اعلیٰ معیاری مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشونما ہے |

**متعدّد فنڈز کی سہولت (ملٹپل فنڈز آپشن):** اس **سہولت** کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈز کو 10 فیصد کے ملٹپل کے تحت منتخب کیا جاسکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10/90، 20/80، 30/70، 40/60 یا 50/50 میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

***ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## فوائد:

### ڈیتھ بینیفٹ:

### 18 سے 59 سال کی عمر تک کے افراد کیلئے:

70 سال کی عمر تک وفات کی صورت میں ملنے والا فائدہ حسب ذیل ہوگا:

- زرِ بیمہ (جزوی رقم نکالنے کی صورت میں زرِ بیمہ اس کے مطابق مقرر کیا جائے گا)، یا بنیادی پلان کی نقد مالیت (کیش ویلیو) میں سے جو بھی زیادہ ہو

پلس

• اضافی اختیاری پریمیئم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم) کے یونٹس کی نقد مالیت (کیش ویلیو) (اگر کوئی ہوں)

70 سال کی عمر کے بعد وفات کی صورت میں ملنے والا فائدہ مجموعی نقد مالیت (کیش ویلیو) کے برابر ہوگا

**60 سال یا زائد عمر کے افراد کیلئے:**

پہلے پانچ پالیسی سال تک وفات کی صورت میں ملنے والا فائدہ حسب ذیل ہوگا:

• بنیادی زرِ بیمہ (جزوی رقم نکالنے کی صورت میں زرِ بیمہ اس کے مطابق مقرر کیا جائے گا)، یا بنیادی پلان کی نقد مالیت (کیش ویلیو) میں سے جو بھی زیادہ ہو

پلس

• اضافی اختیاری پریمیئم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم) کے یونٹس کی نقد مالیت (کیش ویلیو) (اگر کوئی ہوں)

پالیسی کے پانچ سال کے بعد وفات کی صورت میں ملنے والا فائدہ مجموعی نقد مالیت) کیش ویلیو کے برابر ہوگا۔

## بلٹ ان (خودکار) ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ:

60 سال کی عمر سے پہلے اگر بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی حادثاتی وفات واقع ہوجائے تو ایک یکمشت اضافی رقم ادا کی جائے گی۔ یہ رقم بنیادی سنگل پریمیئم کے برابر ہوگی (جس میں جزوی طور پر واپس لی گئی رقم کو ترتیب (ایڈجسٹ) کیا جائے گا) یہ بینیفٹ اوپر دیئے گئے وفات کی صورت میں ملنے والے فائدے کے علاوہ ہے۔

## زرِ بیمہ:

یہ گارنٹیڈ رقم بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی وفات کے وقت ادا کی جاتی ہے۔ زرِ بیمہ کا تعین عمر پر منحصر بنیادی پلان کے پریمیئم کو درج ذیل ٹیبل سے دیئے گئے پروٹیکشن ملٹپل سے ضرب دے کر کیا جاتا ہے:

| اندراج پر عمر | زرِ بیمہ |
|---|---|
| اندراج پر تمام عمروں کے لئے | اصل سنگل پریمیئم کا 1.25 سے 2 گنا |

## خیر خواہی بونس (لائلٹی بونس):

پالیسی کو طویل المیعاد مدت تک جاری رکھنے کی صورت میں آپ خیر خواہی بونس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ پالیسی کے پہلے پانچ سال گزرنے کے بعد سے ہر پانچویں سال کے بعد خیر خواہی بونس کے یونٹس مختص کئے جاتے ہیں۔ درج ذیل اضافی یونٹس بطور خیر خواہی بونس، بنیادی پلان کے سنگل پریمیئم کے اعتبار سے مختص کئے جائیں گے:

| مختص کردہ خیر خواہی بونس (%) | پالیسی سال |
|---|---|
| 2فیصد | 5 |
| 3فیصد | 10 |
| 4فیصد | 15اور ہر 5 سال کے بعد |

## اضافی اختیاری پریمیم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم):

اگر آپ کے پاس پلان کی مدت کے دوران کسی بھی وقت اضافی نقد رقم موجود ہو تو اپنی نقد مالیت (کیش ویلیو) کو بڑھانے کے لئے آپ اس کو پلان میں سرمایہ کاری کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ ان اضافی ادائیگیوں کو اضافی اختیاری پریمیم کہتے ہیں۔آپ یہ ادائیگیاں پالیسی کے نافذ العمل ہوتے ہوئے کسی بھی وقت کر سکتے ہیں۔کم از کم اضافی اختیاری پریمیم 50,000روپے فی ادائیگی ہے۔

اضافی اختیاری پریمیم میں ادائیگیوں کا100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

## مکمل اور جزوی دستبرداری:

اگر آپ کے حالات تبدیل ہو جائیں اور آپ کو نقد رقم کی ضرورت درپیش ہو تو آپ فنڈ میں موجود کُل نقد مالیت مکمل طور پر یا جزوی طور پر نکلوا سکتے ہیں۔مستقل دستبرداری کی صورت میں کُل نقد مالیت قابل ادائیگی ہوگی۔ تاہم اگر آپ جمع شدہ رقم کا کچھ حصہ نکالنا چاہتے ہیں تو یہ پلان آپ کو یہ سہولت فراہم کرتا ہے۔بشرطیکہ جزوی سرمایہ نکالنے کی صورت میں اس پلان میں کم سے کم 20,000روپے کی نقد مالیت موجود ہو۔ازراہِ کرم یاد رہے کہ شروع کے برسوں میں مالیت بہت کم ہو سکتی ہے کیونکہ یہ پلان دور رس مالی ضروریات کے لحاظ سے تشکیل دیا گیا ہے

**دعوٰی (کلیم):** کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوٰے (کلیم) کی اطلاع جے ایس بینک لمیٹڈ کی کسی بھی شاخ میں جا کر، ای ایف یو ہیڈ آفس آ کر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔ فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 111-338-111-021 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efulife.com پر ای میل کر دیجئے یا آپ جے ایس بینک کے کال سینٹر 321 654-111-021 اور CCU.Helpdesk@jsbl.com پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ بعدازاں، اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کیلئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

## چارجز کیا ہیں؟

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| بڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ پریمیئم کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ منیجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارج (بیمہ کی مالیت) | ہر سال عمر پر مشتمل بیمہ حیات کے خطرے کے امکان کو مدنظر رکھتے ہوئے، مورٹیلٹی چارج لاگو ہوتا ہے جو سم ایٹ رسک کے تحت حاصل کیا جاتا ہے۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کور سے بڑھ جائے تو مورٹیلیٹی کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی |
| فنڈ تبدیل کرنے کی فیس | 500 روپے |
| دستبرداری عمل درآمد فیس | 500 روپے |
| دستبرداری اخراجات | 100 فیصد پہلے سال کے لئے |
| تخصیص کی فیس | اوپر دی گئی یونٹ کی تخصیص کی ٹیبل |

## انتباہ:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ نے انڈر رائٹ کیا ہے۔ یہ پروڈکٹ جے ایس بینک لمیٹڈ یا اسکی ذیلی کمپنی کی نہیں اور نہ جے ایس بینک لمیٹڈ اس کا ضامن ہے۔
- جے ایس بینک محض اپنے گرانقدر صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کی تشہیر/تقسیم کار اور کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کی حیثیت سے کام کررہا ہے
- آپ کے سرمائے میں اضافے کا انحصار فنڈز کی کارکردگی پر ہوتا ہے۔
- فنڈ میں ہونے والی تمام سرمایہ کاری مارکیٹ رسک سے مشروط ہے۔ فنڈ کی آئندہ کی کارکردگی کا لازمی دارومدار پچھلی کارکردگی پر نہیں ہوتا۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ یا جے ایس بینک لمیٹیڈ اس قسم کی کسی چیز کے ذمہ دار نہیں ہونگے۔ منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری کا رسک بہرحال بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) پر لاگو ہوگا۔

- فوائد کی انفرادی وضاحت ہمارے کنسلٹنٹ کی طرف سے آپ کے لئے فراہم کی جائے گی از راہِ کرم مختلف شرائط وضوابط کی تفصیلی وضاحت حاصل کرنے کے لئے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں، آپ کی جانب سے پلان کی شرائط وضوابط کی مکمل تفہیم مطلوب ہے۔
- پلان پر وہ ٹیکسز لاگو ہونگے جو ٹیکس قوانین کے مطابق ہوں
- معاہدے کے طریقے کار کی وضاحت شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا صرف عموعی خلاصہ پیش کرتا ہے

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th اسٹریٹ، فیز ون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔
فیکس: 3453-7519 (021) ای میل: csd@efulife.com